موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

9 سے 11 فروری 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19 سے 25 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 10 سے 15 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

گوبھ کی حالت میں آبپاشی ضرور کریں۔

کماد

کماد کی بہاریہ کاشت کے لئے زمیں تیار کرتے ہوئے گہرا ہل ضرور چلائیں۔ کماد کی کاشت کے لئے موزوں وقت وسط فروری سے آخر مارچ ہے۔ کاشت کے لئے بیج ایسے کھیت سے ہرگز نہ لیں جہاں رتاروگ سے متاثرہ کماد ہو۔ مزید بر آں گری ہوئی اور کورے سے متاثرہ فصل سے بیج مت لیں۔ کاشت کے لئے منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں جن میں سی پی ایف 250، سی پی ایف 251، سی پی ایف 253، وائی ٹی ایف جی 236 قابل ذکر ہیں۔ سی پی ایف 250 غیر سیلابہ رقبہ کے لئے زیادہ موزوں ہے۔ اس کے علاوہ سی پی 77-400 گڑ بنانے کے لئے اور سی پی ایف 247 ریتلے رقبے کے لئے زیادہ موزوں ہے۔ کماد کی بجائی 4 فٹ کے فاصلے پر بنائی گئی گہری کھیلیوں اور کھلے سیاڑوں میں کریں اور ہر کھیلی میں سموں کی دو قطاریں لگائیں۔ کاشت کے لئے 2 آنکھوں والے سمے 30 ہزار اور 3 آنکھوں والے سمے 20 ہزار استعمال کریں۔ اس کے لئے 12 سے 16 مرلہ کماد درکار ہو گا۔ بیج کے لئے کماد کا اوپر والا ایک تہائی حصہ استعمال کریں۔

آم

جن باغات کو اکتوبر کے بعد پانی نہیں دیا گیا ان کی آبپاشی کریں۔ پودوں پر پھول بننے کا عمل شروع ہو چکا ہے اس کو بہتر بنانے کے لئے پوٹاشیم نائٹریٹ یا کماب-26 کا سپرے کریں۔ سندھڑی آم میں بٹور بننے کا عمل شروع ہو چکا ہے تاہم اس کو ابتدائی سٹیج پر کاٹیں اور کاٹنے کے بعد اسے کھیت سے باہر کہیں دھوپ میں منتقل کر دیں تاکہ یہ پھل کے بورر کی آماج گاہ نہ بن سکے۔ جن پودوں کو سردی سے بچانے کے لئے کسی شیٹ سے ڈھانپا ہوا ہے اسے مکمل طور پر ہٹا دیں۔ نئے پودے لگانے کے لئے تیاری کریں۔ جن علاقوں میں میلی بگ کا خطرہ ہو وہاں پودے کے تنے کے گرد سلپری (پھسلنے والے) بینڈ لگائیں۔ مزید براں میلی بگ کے حملے کی صورت میں بینڈ کے نیچے مناسب زہروں سے اس کا تدارک کریں۔ آم کے مج کے حملے کی ابتدا ہو چکی ہے اس کی مانیٹرنگ کریں اور حملے کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں پودے پر مناسب زہروں کا سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر ٹرینچ بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔